# سوالنامے کا نمونہ

برائے سینئر سیکنڈری کورس

اردو 306

وقت: 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر 100

نوٹ: (i) یہ سوالنامہ مجموعی طور پر 42 سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 18 تک ایک سے زیادہ انتخابی سوالات ہیں اور ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھیے۔ کچھ سوالات میں آپشنز بھی دیے گئے ہیں، آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہوگا۔

(v) سوال نمبر 19 سے 23 تک مختصر تر (Objective type) سوالات ہیں، جن میں 3 نمبروں کے دو سوالات، 5 نمبر کا ایک سوال اور 10 نمبر کا ایک سوال ہے اور آپشنز بھی دیے گئے ہیں۔ ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 24 سے 37 تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جوابات دیجیے۔

(vii) سوال نمبر 38 سے 42 تک اختیاری (3A) اور اختیاری (3B) میں سے طالب علم کو ایک حصے کو چن کر سوالات کے جوابات دینا ہوں گے۔ اس اختیاری حصہ میں سوال نمبر 38 سے 41 مختصر تر والے سوالات ہیں جبکہ سوال نمبر 42 وضاحتی سوال ہے۔

سوال نمبر 1: داستان ''طوطا کہانی'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟ 1

a. عصمت چغتائی

b. سعادت حسن منٹو

c. کرشن چندر

d. حیدر بخش حیدری

سوال نمبر 2: ''تجسیم کرنے'' کا مطلب ہے... 1

a. ترتیب دینا

b. تمثیل کرنا

c. کسی جذبے یا نظر نہ آنے والی چیز کو مجسم بنادینا

d. مکمل کرنا

سوال نمبر 3: نئی روشنی سے مصنف کی کیا مراد ہے: 1

a. مغربی تہذیب

b. نیا گھر

c. مس بابا

d. زندگی کو روشن کر دینا

سوال نمبر 4: تلمیح کسے کہتے ہیں؟ 1

a. کسی مشہور واقعہ یا مشہور شخصیت کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔

b. کوئی استعارہ استعمال کیا گیا ہو۔

c. امید کی فضیلت بیان کی گئی ہو۔

d. شعر میں اپنی تعریف کی گئی ہو۔

سوال نمبر 5: داستان کی خصوصیات ہیں: 1

a. ایسی خیالی باتوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو عام زندگی میں ممکن نہیں۔
b. داستان میں کہانیاں سچی زندگی پر منحصر ہوتی ہیں۔
c. داستان افسانے اور ناول کے بہت قریب ہوتی ہے۔
d. رسم و رواج سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

سوال نمبر 6: خواجہ حسن نظامی نے مس چڑیا کی کہانی میں کس طرح کی بات چیت کو چڑیا کی زبان میں استعمال کرایا ہے؟ 1

a. گھروں میں انسانوں کے درمیان ہونے والی بات چیت کو چڑیا کی زبان سے ادا کرایا ہے۔
b. بازاروں میں بولی جانے والی زبان۔
c. جانوروں کے بیچ ہونے والی گفتگو کو چڑیا کی زبان سے ادا کرایا ہے۔
d. امیر ترین لوگوں کے بیچ ہونے والی زبان کو استعمال کرایا ہے۔

سوال نمبر 7: کردار کسے کہتے ہیں؟ 1

a. ڈرامہ لکھنے کے لیے جو مخصوص انداز اختیار کیا جاتا ہے۔
b. جو اسٹیج کے پردے اور دوسرے سامان فراہم کرتے ہیں۔
c. جو ڈرامے کے پلاٹ کو اسٹیج پر ادا کرنے والے ہوتے ہیں۔
d. ڈرامے کے آخری سین میں جو دکھایا جائے۔

سوال نمبر 8: ''مس چڑیا'' سبق کس صنف میں آتا ہے: 1

a. انشائیہ ہے۔
b. سوانح عمری ہے۔
c. افسانہ ہے۔
d. طنز و مزاح ہے۔

سوال نمبر9:	وہ کون سی طاقت ہے جو انسان سے مشکل ترین کام انجام دلواتی ہے ؟	1

a. عقل مندی

b. دور اندیشی

c. امید

d. خوشی

سوال نمبر10 :	"دیکھ وہ بڑھا آنکھوں سے اندھا گھر میں بیٹھا روتا ہے" میں بڑھے سے کیا مراد ہے ؟	1

a. حضرت یوسف

b. حضرت نوح

c. حضرت یعقوب

d. حضرت ابراہیم

سوال نمبر11 :	مسدس نظم میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟	1

a. ایک

b. دو

c. چار

d. چھ

یا

"نئی تہذیب" نظم میں انگریزی تہذیب کی اندھا دھند تقلید کرتے دیکھ کر شاعر کیا کہتا ہے ؟	1

a. ہندوستانی تہذیب ختم ہو جائے گی۔

b. ہندوستانی تہذیب پروان چڑھے گی۔

c. انگریزی تہذیب کا فروغ نہیں ہوگا۔

d. پوری دنیا میں ہندوستانی تہذیب کا بول بالا ہوگا۔

سوال نمبر 12 : "نئی تہذیب" نظم میں شاعر کس معیار کو بدلنے کی بات کر رہا ہے؟ 1

a. شرافت کے معیار کو

b. ہندوستانی تہذیب کے معیار کو

c. مغربی تہذیب کے معیار کو

d. حسن کے معیار کو

یا

کلام میں اپنی تعریف بیان کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

a. تعلی

b. خوشی

c. غم

d. بے وفائی

سوال نمبر 13 : کنایہ کے معنی ہیں: 1

a. ایک چیز کو دوسری چیز سے تشبیہ دینا

b. کسی بات کو سیدھے نہ کہہ کر اشاروں میں کہنا

c. کسی سے تشبیہ نہ دینا

d. کسی بات کو استعارے میں کہنا

یا

دیاشنکر نسیم اردو شاعری میں کس وجہ سے جانے جاتے ہیں؟

a. غزل کی وجہ سے
b. نظمیہ شاعری کی وجہ سے
c. مثنوی کی وجہ سے
d. قصیدے کی وجہ سے

سوال نمبر14: جمال یار اور آتش کے درمیان کون سا رشتہ ہے؟ 1

a. استعارے کا
b. علامت کا
c. تشبیہ کا
d. تعلی کا

یا

''آنکھیں جھکا کے بولے کہ یہ ہم کو لائے ہیں''اس مصرعہ میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

a. حضرت حسین بہت غیرت مند تھے۔
b. امام حسین اپنے لیے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے تھے۔
c. حضرت حسین نے یقیناً آنکھیں جھکالی تھیں۔
d. حضرت حسین نیچے بیٹھ گئے تھے۔

سوال نمبر15 : ''نئی تہذیب'' نظم میں ''زیادہ تھے جو اپنے زعم میں وہ سب سے کم ہوں گے'' سے کیا مراد ہے؟ 1

a. نیک اور شریف لوگوں کی عزت واحترام میں اضافہ ہو گا۔

b. شریف لوگوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔

c. شریف لوگوں کی قدر و منزلت میں کمی آئے گی۔

d. شریف لوگ سب سماج سے دور بھاگ جائیں گے۔

یا

''نئی تہذیب'' نظم میں لوگوں کو تبدیلی کا احساس کیوں نہیں ہو گا؟

a. وہ تبدیلی کو پسند کرتے ہیں۔

b. انہیں تبدیلی کا احساس ہی نہیں ہو گا کیونکہ انھوں نے اسی ماحول میں آنکھیں کھولی ہیں۔

c. تبدیلی واقع ہی نہیں ہو گی۔

d. وہ تبدیلی کو پسند کرتے بھی ہیں اور نہیں بھی۔

سوال نمبر 16: ''نہ خاتونوں میں رہ جائے گی پردے کی یہ پابندی'' پردے کی یہ پابندی سے کیا مراد ہے؟ 1

a. نئی تہذیب میں عورتیں پردہ کرنے لگیں گی۔

b. عورتیں بے پردہ ہو جائے گی۔

c. عورتیں گھر سے باہر ہی نہیں نکلیں گی۔

d. عورتوں کے ساتھ مرد بھی پردہ کرنے لگیں گے۔

یا

تشبیہ کسے کہتے ہیں:

a. کسی شے کو کسی دوسری شے سے مماثلت کرنے کو

b. کسی کے سامنے دوسری کی تعریف کرنا

c. کسی کے پیچھے اس کی برائی کرنا

d. آپس میں محبت کرنا

سوال نمبر 17: میر اس نیم باز آنکھوں میں 1

ساری مستی شراب کی سی ہے

a. یہ شعر غالب کا ہے۔

b. یہ شعر میر کا ہے۔

c. یہ شعر مومن کا ہے۔

d. یہ شعر حالی کا ہے۔

یا

ہلکو نے کیسے اندازہ لگایا کہ کتنی رات گزر چکی ہے؟

a. گھڑی دیکھنے سے۔

b. سات ستاروں کے گھومنے سے۔

c. روشنی ہونے سے۔

d. آسمان میں چاند کے نہ ہونے سے۔

سوال نمبر 18: بابا جی لنگڑاتے ہوئے کیوں چل رہے تھے؟ 1

a. اس کے پاؤں میں تکلیف تھی۔

b. دادا جی بیمار تھے۔

c. اس کے جوتے چھوٹے تھے۔

d. دادا جان بوجھ کر لنگڑا کر چل رہے تھے۔

یا

بھولا کے گھر سے غائب ہو جانے پر مایا کا کیا حال ہوا؟

a. مایا چیختی رہی اور بال نوچنے لگی۔

b. مایا گم صم ہو گئی۔

c. مایا گھر کے کام میں مصروف ہو گئی۔

d. مایا پاگل ہو گئی۔

سوال نمبر 19: الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوانے کام کیا 3

دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

(i) یہ شعر کس شاعر کی غزل کا ہے؟ 1

(ii) اس شعر میں 'دیکھا' سے کیا مراد ہے؟ 1

(iii) پہلے شعر میں کس چیز کے الٹ جانے کا ذکر ہے؟ 1

(iv) 'کام تمام کیا' محاورے کا مطلب کیا ہے؟ 1

(v) غزل کے اس پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی تین سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر 20: وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو 3

وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(i) یہ شعر کس کی غزل کا ہے؟ 1

(ii) مطلع میں شاعر محبوب کو کیا یاد دلا رہا ہے؟ 1

(iii) اس شعر کا قافیہ کیا ہے؟ 1

(iv) اس شعر کی ردیف کیا ہے؟ 1

(v) اس شعر میں شاعر محبوب سے کیا کہنا چاہتا ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں کن ہی تین سوالات کا جواب دیجیے۔

سوال نمبر 21: (i) قصیدہ صنف کا کیوں زوال ہو گیا؟ 5

(ii) آج کے دور میں مرثیہ کیوں نہیں لکھا جاتا ہے؟ 1

(iii) غالب کے عہد کے کسی شاعر کا نام لکھیے۔ 1

(iv) مومن کا پورا نام لکھیے۔ 1

(v) بادشاہ بہادر شاہ کیا تخلص کرتے تھے؟ 1

(vi) مرزا غالب کا پورا نام لکھیے۔ 1

(vii) تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ 1

(viii) تشبیہ اور استعارے میں کیا فرق ہے؟ 1

(ix) آپ کے نصاب میں شامل مخدوم کی نظم کا عنوان لکھیے؟ 1

(x) آپ کے نصاب میں اکبر الہ آبادی کی کون سی نظم شامل ہے؟ 1

اوپر دیے سوالات میں کن ہی 5 سوالات کے جوابات لکھیے۔

سوال نمبر 22 (i) غزل کے لغوی معنی لکھیے۔ 10

(ii) آپ کے نصاب میں راجندر سنگھ بیدی کا کون سا افسانہ شامل ہے؟

(iii) انٹرنیٹ کے ذریعہ آپ پیغام کس طرح بھیجتے ہیں؟

(iv) خبر کسے کہتے ہیں؟

(v) ''ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا'' کیا ہے؟

(vi) کس کی محبت میں چڑیا اور چڑے کا نقصان ہو گیا؟

(vii) حسرت موہانی کا پورا نام لکھیے۔

(viii) حسرت نے اپنی غزلوں میں کون سا رنگ پیدا کیا ہے؟

(ix) مبالغہ شاعری میں کیوں استعمال ہوتا ہے؟

(x) حسرت کے محبوب اور اس کی محبت میں کیا چیز دکھائی دیتی ہے؟

(xi) سر سید کا اصل نام بتایے۔

(xii) امتیاز علی تاج کے مشہور ڈرامے کا نام بتایے۔

(xiii) اکبر الہ آبادی نے اپنی نظم نئی تہذیب میں کیا پیغام دیا ہے؟

(xiv) غالب شروع میں کیا تخلص کرتے تھے؟

(xv) اختر انصاری شاعری میں کس صنف سے زیادہ جانے جاتے ہیں؟

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی دس سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر 23: مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 6

فجر ہوتے جو گئی آج میری آنکھ جھپک
دی وہیں آکے خوشی نے در دل پر دستک

پوچھا میں، کون ہے؟ بولی کہ میں ہوں غافل
نہ لگے شوق میں جس کے کبھو شائق کی پلک

یا

پہنچے قریب فوج تو گھبرا کے رہ گئے　　　چاہا کریں سوال پہ شرما کے رہ گئے

غیرت سے رنگ فق ہوا تھرا کے رہ گئے　　　چادر پسر کے چہرے سے سرکا کے رہ گئے

سوال نمبر24: قصیدہ کی تعریف لکھیے اور اجزائے ترکیبی بھی لکھیے۔ 6

یا

مرثیہ کی تعریف لکھیے اور اجزائے ترکیبی بھی لکھیے۔

سوال نمبر25: سودا کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے 4

یا

مرزا سلامت علی دبیر کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر26: پریم چند کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔ 4

سوال نمبر27: مخدوم محی الدین کی نظم ''چاند تاروں کا بن'' کا مرکزی خیال لکھیے۔ 4

سوال نمبر28: میرؔ کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔ 4

سوال نمبر29: منشی پریم چند کا پورا نام بتایئے، ساتھ ہی ان کی سن پیدائش کب کی ہے۔ 2

سوال نمبر30: ''بے نظیر'' کے معنی کیا ہیں؟ بے نظیر کا استعمال دو جملوں میں لکھیے۔ 2

سوال نمبر31: مستیاں، مدہوشیاں، بانکپن، کس کے استعارے ہیں؟ اور صبح دم کس کا استعارہ ہے؟ 2

سوال نمبر32: تشبیہ کسے کہتے ہیں، کوئی دو مثالیں دے کر لکھیے۔ 2

سوال نمبر33: دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا 2

اس مصرعہ میں 'کام تمام ہونا' کیا ہے؟

سوال نمبر34:   پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا   2

اس مصرعہ میں 'خوب ہوا' کیا ہے؟

سوال نمبر35:   قصیدہ میں شاعر ممدوح کی کن کن خوبیوں کو بتاتا ہے؟   2

سوال نمبر36:   مرثیہ میں میدان کربلا میں ہیرو کا کیا رول ہوتا ہے؟   2

سوال نمبر37:   ''چاند تاروں کا بن'' کس طرح کی نظم ہے؟ دو خصوصیات بھی لکھیے۔   2

حصہ (الف)

اختیاری 3A

سوال نمبر38:   (i) اداریہ کسے کہتے ہیں؟   1

(ii) سرخی کسے کہتے ہیں؟   1

(iii) درخواست اور دفتری خط میں فرق بتایے۔   1

(iv) صحافت کی تعریف کیجیے۔   1

(v) رپورٹ کسے کہتے ہیں؟   1

(vi) کمپیوٹر کی تعریف لکھیے۔   1

(vii) صحافت اور رپورٹ میں فرق بتاییے۔   1

(viii) دفتری نوٹ کسے کہتے ہیں؟   1

(ix) خط و کتابت کی تعریف لکھیے۔   1

(x)اداریہ اور سرخی میں فرق بتاییے۔ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی 5 سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر39: (i) صحافت کس طرح کا پیشہ ہے؟ 1 4

(ii) کمپیوٹر سے کس طرح کام لیا جاتا ہے؟ 1

(iii) کمپیوٹر سے ہونے والا ایک کام بتایے۔ 1

(iv) صحافت کے میدان میں کس طرح جایا جاسکتا ہے؟ 1

(v) اخبار میں سرخی کی کیا اہمیت ہے؟ 1

(vi) اخبار میں اداریہ کی کیا اہمیت ہے؟ 1

(vii) رپورٹ کس طرح تیار کی جاتی ہے؟ 1

(viii) رپورٹ تیار کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ 1

اوپر دیے سوالات میں سے کن ہی 4 سوالات کے جوابات دیجیے۔

ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں۔ درست جوب چن کر اپنی کاپی میں لکھیے۔

سوال نمبر 40: صحافت کس طرح کا پیشہ ہے؟ 1

a. صحافت ایک معزز اور بااثر پیشہ ہے۔

b. صحافت بے کار پیشہ ہے۔

c. صحافت کسی طرح کی عزت نہیں ہے۔

d. صحافت میں بہت پیسہ ہے۔

یا

رپورٹ کی عموماً کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

a. ایک

b. دو

c. تین

d. پانچ

سوال نمبر 41: آج کے دور میں صحافت کے میدان میں نوکری پانا آسان؟ 1

a. نہیں

b. بالکل نہیں

c. پاسکتے ہیں

d. اگرزبان اور موضوعات کا علم اچھا ہے تو نوکری ملنے میں آسانی ہے۔

یا

رپورٹ کی سب سے بڑی خوبی ہے:

a. طوالت

b. معروضیت

c. اختصار

d. موضوعی

سوال نمبر42: صحافت اور رپورٹ کی تعریف لکھیے اور دونوں میں فرق بتایئے۔ 4

حصہ (ب)

اختیاری3B

سوال نمبر38: (i)خبر کسے کہتے ہیں؟ 1 5

(ii)فیچر کسے کہتے ہیں؟ 1

(iii)میڈیا کے معنی کیا ہیں؟ 1

(iv)اشتہار کسے کہتے ہیں؟ 1

(v)الیکٹرونکس میڈیا سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 1

(vi)انٹرویو کسے کہتے ہیں؟ 1

(vii)خبریں اور اشتہار کسے کہتے ہیں؟ 1

(viii)انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں؟ 1

(ix)خبر اور انٹرویو میں فرق بتاییے؟ 1

(x)الیکٹرونکس میڈیا میں کیا فلم بھی آتی ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی 5 سوالات کے جوابات بتاییے۔

سوال نمبر 39: (i) فیچر پڑھ کر کیا آتا ہے؟ 1 5

(ii) فیچر اخبار میں کس جگہ پر ہوتا ہے؟ 1

(iii) فیچر لکھتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟ 1

(iv) خبر تیار کرتے وقت کن باتوں کا دھیان رکھنا چاہیے؟ 1

(v) فیچر کے اظہار بیان میں کیا ہوتا ہے؟ 1

(vi) آج کے دور میں خبر کی کیا اہمیت ہے؟ 1

(vii) انٹرویو لیتے وقت کس بات کا خاص دھیان رکھنا چاہیے؟ 1

(viii) خبر کی اہمیت کیا ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں کن ہی 4 سوالات کے جوابات دیجیے۔

ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں۔ درست جوب چن کر اپنی کاپی میں لکھیے۔

سوال نمبر 40: فیچر کے اظہار بیان میں: 1

a. نیاپن ہوتا ہے۔

b. تصنع ہوتا ہے۔

c. تنوع ہوتا ہے۔

d. کچھ نہیں ہوتا ہے۔

یا

فیچر پڑھ کر لطف حاصل ہوتا ہے:

a. زبان مشکل ہوتی ہے۔

b. زبان آسان ہوتی ہے۔

c. مضمون سے الگ ہوتا ہے۔

d. یہ ہلکے پھلکے انداز میں لکھا جاتا ہے۔

سوال نمبر 41: فیچر اخبار میں: 1

a. آخری صفحہ پر ہوتا ہے۔

b. درمیان میں ہوتا ہے۔

c. نمایاں جگہ دی جاتی ہے۔

d. پہلے صفحہ پر ہوتا ہے۔

یا

الیکٹرونک میڈیا میں کتنی قسمیں ہیں؟

a. ایک

b. دو

c. تین

d. چار

سوال نمبر42: فیچر کی خصوصیات تفصیل سے بتایئے۔ 4

مارکنگ اسکیم

برائے سینئر سیکنڈری

(اردو 306)

جواب نمبر1: حیدر بخش حیدری 1

جواب نمبر2: کسی جذبے یا نظر نہ آنے والی چیز کو مجسم بنادینا 1

جواب نمبر3: مغربی تہذیب 1

جواب نمبر4: کسی مشہور واقعہ یا مشہور شخصیت کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔ 1

جواب نمبر5: ایسی خیالی باتوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو عام زندگی میں ممکن نہیں۔ 1

جواب نمبر6: گھروں میں انسانوں کے درمیان ہونے والی بات چیت کو چڑیا کی زبان سے ادا کرایا ہے۔ 1

جواب نمبر7: ڈرامے کے پلاٹ کو اسٹیج پر ادا کرنے والے ہوتے ہیں۔ 1

جواب نمبر8: انشائیہ 1

جواب نمبر9: امید 1

جواب نمبر10: حضرت یوسف 1

جواب نمبر11: (d) چھ 1

یا

(d) پوری دنیامیں ہندوستانی تہذیب کا بول بالا ہوگا۔

جواب نمبر12: (c) مغربی تہذیب کے معیار کو

یا

(a) تعلی

جواب نمبر13: (b) کسی بات کو سیدھے نہ کہہ کر اشاروں میں کہنا 1

یا

(b) مثنوی کی وجہ سے

جواب نمبر14: (b) علامت کا 1

یا

(b)امام حسین اپنے لیے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے تھے۔ 1

جواب نمبر15: (c)شریف لوگوں کی قدر و منزلت میں کمی آئے گی۔ 1

یا

(b)انھیں تبدیلی کا احساس نہیں ہوگا کیوں کہ انھوں نے اسی ماحول میں آنکھیں کھولی ہیں۔

جواب نمبر16: (b)عورتیں بے پردہ ہو جائیں گی۔ 1

یا

(c)کسی شے کو کسی دوسری شے سے مماثلت کرنے کو

جواب نمبر17:　(b) تیر کا۔　1

یا

(b) سات ستاروں کے گھومنے سے

جواب نمبر18:　(c) اس کے جوتے چھوٹے تھے۔　1

یا

(a) مایا چیختی رہی اور بال نوچنے لگی۔

جواب نمبر19:　(i) میر تقی میر　1

(ii) بار بار سمجھانے کے بعد عاشق باز نہیں آیا۔ یہ بات پوشیدہ ہے کہ ہم نے پہلے بھی خبر دار کیا تھا۔ 1

(iii) تدبیریں　1

(iv) مکمل طور پر برباد ہو جانا　1

(v) مطلع　1

جواب نمبر20:　(i) مومن　1

(ii) نباہ کے وعدے کو　1

(iii) تمہیں　1

(iv) یاد ہو کہ نہ یاد ہو　1

(v) محبوب کا کیا ہوا وعدہ یاد دلا رہا ہے۔　1

جواب نمبر21:　(i)قصیدہ بادشاہوں کی شان میں لکھا جاتا تھا، دربار ختم ہوتے ہی قصیدے کا زوال ہو گیا۔

(ii)کیوں کہ انیس ودبیر کی مرثیہ نگاری کے بعد کوئی بھی شاعر اس صنف میں کوئی کمال نہیں دکھا پایا۔

(iii)مومن　1

(iv)مومن خاں مومن　1

(v)ظفر　1

(vi)اسداللہ خاں　1

(vii)کسی شے کو کسی دوسری شے سے مماثلت کرنے کو تشبیہ کہتے ہیں۔　1

(viii)تشبیہ میں کسی شے کو دوسری شے سے مماثلت کرتے ہیں جب کہ استعارے میں سیدھے ہی اس شے کا نام لیتے ہیں جس کے ذریعہ اس کی مثال ہوتی ہے۔　1

(ix)　چاند تاروں کا بن　1

(x)نئی تہذیب　1

جواب نمبر22:　(i)　عورتوں سے باتیں کرنا یا عورتوں کی باتیں کرنا　1　10

(ii)　بھولا　1

(iii)　Emailکے ذریعے　1

(iv)　کوئی ایسی بات جو چونکا دے۔　1

(v)　محاورہ　1

(vi)　بیرسٹر صاحب کی صحبت سے　1

(vii) فضل الحسن 1

(viii) اپنی غزلوں میں روایت کالحاظ رکھا ہے۔ حسرت نے غزل میں وحدت تاثر کا رنگ پیدا کیا۔ 1

(ix) شاعری میں غلو سے مزید حسن پیدا ہوتا ہے۔ 1

(x) حسرت کے محبوب اور اس کی محبت میں زمین کی مہک ہے۔ 1

(xi) سید احمد 1

(xii) انار کلی 1

(xiii) نئی تہذیب نظم میں انگریزی تہذیب کی اندھادھند تقلید اور اس کے اثرات کا بیان ہے۔ 1

(xiv) اسد 1

(xv) قطعات 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی دس سوالات کے جوابات دیجیے 1

جواب نمبر 23: یہ بند سودا کے قصیدے سے لیا گیا ہے۔

تشریح: یہ اشعار تشبیب (تمہید) کے ہیں۔ اسے شاعر نے نہایت خوبصورت اور نئے انداز میں پیش کیا ہے۔ قصیدے کی شروعات وہ اس طرح کرتے ہیں کہ فجر کے وقت جب وہ ہلکی نیند میں تھا تو اس نے کسی کو اپنے قریب محسوس کیا، اس نے آنکھیں بند کیے ہوئے ہی پوچھا، تم کون ہو! اس نے جواب دیا، بڑی حیرت کی بات ہے کہ تم مجھے پہچانتے نہیں۔ میں وہ چیز ہوں، جس کی طلب لوگوں کو بے چین رکھتی ہے۔ میری چاہت کی وجہ سے نہ کسی کو نیند آتی ہے اور میری خواہش ہر شخص کے دل میں ہوتی ہے۔ میرا نام خوشی ہے۔

یا

یہ بند مرزا سلامت علی دبیر کے مرثیہ سے لیا گیا ہے؟

تشریح: اس بند میں شاعر نے حضرت امام حسین کی خودداری اور عزت نفس کو بیان کیا ہے؟ جب علی اصغر کے لیے امام حسین پانی لینے گئے تو ان سے کہا گیا کہ آپ اسے یزید کی فوج کے پاس لے جائیں، جب آپ یزید کی فوج کے قریب پہنچے اور سوال کرنا چاہا تو خودداری اور غیرت کی وجہ سے شرم سار ہو گئے اور چہرے کا رنگ اڑ گیا۔ انھوں نے بچے کے چہرے سے کپڑا ہٹا کر حضرت علی اصغر کا پیاس کی شدت سے نڈھال چہرہ ان لوگوں کے سامنے کر دیا۔

جواب نمبر 24: قصیدہ قصد سے بنا ہے، قصد کے معنی گاڑھے گودے کے ہیں۔

قصیدے کے اجزائے ترکیبی - تشبیب، گریز، مدح یا مذمت، دعا یا حسن طلب

یا

مرثیہ رثا لفظ سے بنا ہے، جس کے معنی، رونا، ماتم کرنا۔ مراد وہ نظم ہے جو کسی شخص کے مرنے پر لکھی جائے۔

اجزائے ترکیبی: چہرہ، سراپا، رخصت، آمد، رجز، جنگ، شہادت، بین۔

جواب نمبر 25: سودا قصیدہ کے مشہور شاعر ہیں۔ اس طرح آپ کے حالات زندگی پر نوٹ لکھا جائے گا۔

یا

مرزا سلامت علی دبیر اردو مرثیہ کے مشہور شاعر ہیں، ان کے حالات زندگی پر بھی ایک نوٹ لکھا جائے گا۔

جواب نمبر 26: پریم چند افسانہ نگاری میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ ان کے حالات زندگی پر بھی ایک نوٹ لکھا جائے گا۔

جواب نمبر 27: مخدوم محی الدین نے نظم "چاند تاروں کے بن" میں نہایت خوبصورت منظر نگاری کی ہے۔ اس طرح نظم کا مرکزی خیال لکھا جائے گا۔

جواب نمبر 28: میر غزل میں خدائے سخن سے جانے جاتے ہیں۔ ان کی شروعاتی زندگی بہت پریشانیوں میں گزری۔ تاہم غزل میں میر نے بہت خوبصورت غزلیں لکھی ہیں۔

جواب نمبر 29: منشی پریم چند کا نام دھنپت رائے تھا۔ 1888 میں پیدا ہوئے۔

جواب نمبر 30: بے نظیر کے معنی ہیں، جس کی کوئی مثال نہیں۔

غالب کی شخصیت بے نظیر ہے۔

تاج محل بے نظیر شاہ کار ہے۔

جواب نمبر31:  خوشی کے استعارے ہیں۔

آزادی کی صبح کا استعارہ ہے۔

جواب نمبر32:  کسی چیز کو دوسری چیز سے جب مشابہت دی جاتی ہے تو اسے تشبیہ کہتے ہیں۔

اس کا چہرہ چاند جیسا ہے۔

اس کے ہونٹ گلاب کی طرح ہیں۔

جواب نمبر33:  'کام تمام ہونا' ایک محاورہ ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ عشق میں ایسی چوٹ لگی کہ سب کچھ ختم ہو گیا۔

جواب نمبر34:  'خوب ہوا'۔ محاورہ ہے۔ جس کے معنی ہیں اچھا ہی ہوا۔

جواب نمبر35:  قصیدے میں شاعر اپنے ممدوح کے رہن سہن اور ان کی شجاعت، جنگ کرنے کا طریقہ وغیرہ بتاتا ہے۔

جوب نمبر36:  مرثیہ میں میدان کربلا میں ہیرو، پہلے اپنے عزیز وا قارب کی حفاظت کرتا ہے۔ ایک ایک کر کے اپنے لوگوں کو جنگ کے لیے بھیجتا ہے اور پھر بعد میں خود شہید ہو جاتا ہے۔

جواب نمبر37:  چاند تاروں کا بن اردو نظم ہے۔ آزاد نظم میں قافیہ کی پابندی کی جاتی ہے۔

## حصہ الف

## اختیاری 3A

جواب نمبر38  (i)  اداریے میں کسی خاص موضوع پر مدیر رائے دیتا ہے۔  1

(ii)  سرخی کسی بھی خبر، مضمون، بیان اور موضوع کی مختصر ترین شکل کو کہتے ہیں۔  1

(iii)  درخواست میں عرض مدعا اور شکایت ہو سکتی ہے لیکن دفتری خط میں دفتر سے متعلق میٹنگ کے بارے میں ہو سکتا ہے۔

(iv)  صحافت میں پرنٹ، ریڈیو، ٹی وی یعنی الیکٹرونکس میڈیا سے متعلق ہوتا ہے۔ 1

(v)  کسی خبر کو تحریر کیا جاتا ہے، اسے رپورٹ کہتے ہیں۔  1

(vi) کمپیوٹر ایک ایسی مشین ہے جو حساب و کتاب سے متعلق کام کرتی ہے۔ 1

(vii) صحافت پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانکس میڈیا کو کہتے ہیں جب کہ رپورٹ کسی خبر کے تیار کرنے کو کہتے ہیں۔ 1

(viii) دفتروں میں جو نوٹ روزمرہ کے کام کاج میں لکھے جاتے ہیں اسے دفتری نوٹ کہتے ہیں۔ 1

(ix) نجی یا سرکاری خطوط کو خط و کتابت کہتے ہیں۔ 1

(x) اداریہ میں کسی خاص موضوع پر مدیر کی رائے ہوتی ہے جبکہ سرخی کسی خبر کی خاص پہچان ہوتی ہے۔ 1

اوپر دیے گئے جوابات میں سے کن ہی پانچ سوالات کے جوابات دینے ہیں۔

جواب نمبر39: (i) صحافت ایک معزز اور بااثر پیشہ ہے۔ 1

(ii) کمپیوٹر سے Email وغیرہ بھیجے جاتے ہیں۔ 1

(iii) کمپیوٹر سے ہونے والے کاموں میں ایک کام Email بھی ہے۔ 1

(iv) تعلیمی لیاقت کے ساتھ زبان پہ قدرت اور تمام موضوعات پر معلومات ہونے پر اس میدان کو چنا جاسکتا ہے۔ 1

(v) اخبار میں سرخی اگر اچھی ہو تو اخبار کا قاری پورا اخبار پڑھنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ 1

(vi) اخبار میں اداریہ کی اہمیت یہ ہے کہ مدیر موجودہ حالات پر اپنی رائے پیش کرتا ہے۔ 1

(vii) جب کوئی خبر سامنے آتی ہے تو اس کی مکمل معلومات حاصل کرکے اس کے بارے میں لکھا جاتا ہے۔ 1

(viii) رپورٹ تیار کرنے والے کو رپورٹر کہتے ہیں۔ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کوئی چار جوابات ہی دیں۔

جواب40: (A)

یا

(D)

جواب نمبر41: (D)

یا

(B)

جواب نمبر42: صحافت کی تعریف یہ ہے کہ پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانکس میڈیا سے متعلق جتنی چیزیں آئیں وہ سب صحافت میں شمار ہوتی ہیں جب کہ رپورٹ ایک خاص چیز کے لیے تیار کی جاتی ہے۔ 4

یا

حصہ (ب)

اختیاری3B

جواب نمبر38: (i) کسی خاص واقعہ کے رونما ہونے کو خبر کہتے ہیں۔ 1

(ii) کسی خاص موضوع پر لکھا جاتا ہے۔ 1

(iii) ذریعے کے ہوتے ہیں۔ 1

(iv) کسی شے کو بیچنے کی غرض سے اس کا اشتہار تیار کیا جاتا ہے۔ 1

(v) الیکٹرونکس میڈیا میں ریڈیئو اور ٹی وی، فلم وغیرہ ہوتے ہیں۔ 1

(vi) کسی خاص شخصیت سے جب گفتگو کی جاتی ہے تو اسے انٹرویو کہتے ہیں۔ 1

(vii) خبر کسی واقعہ کے رونما ہونے پر اور اشتہار کسی شے کی تشہیر کے لیے لکھا جاتا ہے۔ 1

(viii) انٹرویو کی تین قسمیں ہیں۔ 1

(ix) خبر کسی واقعہ کے رونما ہونے پر اور انٹرویو کسی شخصیت سے گفتگو کو کہتے ہیں۔ 1

(x) الیکٹرانکس میڈیا میں فلم آتی ہے۔ 1

جواب نمبر39: (i) فیچر پڑھ کر لطف آتا ہے۔ 1

(ii) فیچر اخبار میں صفحہ اول پر ہوتا ہے۔ 1

(iii) فیچر کے لیے اختصار ضروری ہے اور لکھتے وقت یہ خیال ہو کہ کس طرح کے قاری کے لیے لکھا جارہا ہے۔ 1

(iv)فیچر تیار کرتے وقت سب سے زیادہ دھیان رکھنا چاہیے کہ کسی بھی طبقے کی دل آزاری نہ ہو اور خبر سنسنی خیز نہ ہو۔ 1

(v)فیچر میں ایک ہی بات پر پوری توجہ صرف کی جاتی ہے یعنی ایک ہی خیال کو رکھا اور ابھارا جاتا ہے۔ 1

(vi)آج کے دور میں خبروں کی اہمیت بہت زیادہ ہو گئی ہے کیونکہ پورا سماج سوشل میڈیا اور تمام دوسری میڈیا سے ہر وقت منسلک رہتا ہے۔ 1

(vii)انٹرویو لیتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے کہ جس شخصیت کا انٹرویو لیا جا رہا ہے اس کے بارے میں پوری معلومات ہونی چاہیے۔ 1

(viii) آج کے دور میں خبر کی اہمیت زیادہ ہو گئی ہے کیونکہ ہر شخص اب خبروں سے جڑا ہے۔ 1

جواب نمبر40: (A)

یا

(D)

جواب نمبر41: (B)

یا

(D)

جواب نمبر42: فیچر ہلکے پھلکے انداز میں آسان زبان میں کسی موضوع پر مختصر بیانیہ مضمون لکھا جائے۔ فیچر کی سب سے اہم خوبی اس کا اختصار ہے۔ فیچر لکھتے وقت ہر قسم کے قاری کا خیال رکھنا چاہیے۔ فیچر میں دل چسپی بڑھانے کے لیے کبھی کبھی ڈرامائی کیفیت بھی پیدا کی جاتی ہے۔